
www.novelsclubb.com

ڈاکٹر نے اکے چیک کیا اور حُسین کو نیند کا انجکشن لگا کر اسد کے پاس اکر سنجیدگی سے بولے "آپ کو میں نے منع کیا تھا کے ان کو کوئی سٹریس والی بات نہیں کہنی تو پھر آپ نے کیوں کہی جس سے مسٹر حُسین کی طبیعت خراب ہو گئی۔"

"ڈاکٹر میں نے ایسا کچھ بھی نہیں کہا جس سے حُسین سٹریس لیے لیتا بلکہ میں نے تو صرف اس کی بیٹی کی پیدائش کی خبر بتائی ہے۔"

اسد تیزی سے بولا

"خیر ہم نے ان کو انجکشن دئے دیا ہے آپ ان سے کل ملاقات کیجیے گا۔"

میں شاور لیے کے نکلا تو سر کا دیا ہوا شلوار سوٹ پہنا یہ ڈریس بہت زیادہ کمفرٹبل تھا اور مجھے جچ بھی رہا تھا

نیچے ایا تو دیکھا فجر لاونج میں نظر آئی وہ کسی بچی کے سر میں مساج کر رہی تھی

"ہاں تو میں کیا کہہ رہی تھی کے جو کینیڈا میں دیسی کھانوں کی ویرائٹی ہے یہاں پروگ میں تو ہر گز نہیں ہے یہاں تو بس پھیکا کھانا اور پتا نہیں کون سی ائسکریم ہاں

trdelnikقسم لے لو آج تک میں نے ایسی بکواس چیز نہیں چھکی کل گئی تھی حدید بھائی کے ساتھ میرے تو پورے بیس کرونا ضائع ہو گئے اللّٰہ اللّٰہ مجھے تو بہت دُکھ ہوا میں لڑنے بھی والی تھی کے حدید بھائی نے مجھے بابا جانی کا لیکچر دینا شروع کر دیا بھائی اس وقت تو میرا روزہ نہیں تھا کہنے لگے تو رمضان کا مہینہ تو ہے اور ویسے بھی لڑنا جھگڑنا بُری بات ہے اُف یہ بابا اور ان کے بندئے بس میرے پیچھے پڑے رہتے ہیں میں زاہد کو بہت مِس کر رہی ہوں

قسم سے پاپا اور ممانہ روک ٹوک کرتے تھے نہ کوئی لیکچر

وہ اگے سے اپنا ریڈیو جاری رکھتی کے میں اندر داخل ہوا

اس کا منہ بند ہو گیا وہ مجھے انکھیں پھاڑے دیکھ رہی تھی پھر ایک دم کھکھلا کر ہنس پڑی "او میرے خدایا یہ کیا پہن لیا آپ نے۔"

مجھے اس کی ہنسی بڑی ہی عجیب لگی لیکن بہت حسین بھی

"فجر!!!"

ڈاکٹر حُسین کی تنبیہ آواز پر میں نے گردن موڑی

وہ فجر کو گھور رہے تھے اور جب انہوں نے میری طرف دیکھا تو ان کے چہرے پر گہری مسکراہٹ آگئی

"ماشاآللہ اللہ نظر بد سے بچائے بہت پیارے لگ رہے ہوں۔"

میں چھینپ گیا جبکہ فجر کی پھر سے ہنسی چھوٹی

ڈاکٹر حُسین نے فجر کی طرف پھر دیکھا تو وہ منہ پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولی

"سوری بابا!"

www.novelsclubb.com

"سر مجھے

"سر مجھے آپ سے ضروری بات کرنی تھی۔"

میں گلا کنکھار کر بولا

"ہاں بولو رائن میں سُن رہا ہو۔"

"وہ میں۔۔۔۔۔

نجانے کیوں بولتے ہوئے میں اٹک گیا میری انکھوں میں نمی بڑھنے لگی

"بولو رائن کیا کہنا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

"سر مجھے کلمہ پڑھا دئے۔۔۔"

میں نے اپنا چہرہ جکھا لیا کیونکہ میں اپنے انسو فجر کو دیکھانا نہیں چاہتا تھا

"کیا!!!"

www.novelsclubb.com

ان کی حیرت بھری آواز ائی اور پھر اگلے لمحے میرے گلے لگ گئے

"آپ نے مجھے سب سے بڑی خوشی دی ہے بیٹا اللہ آپ کو بہت ساری خوشیاں دئے

میں نم انکھوں سے مسکرا دیا

یہ میرا سفر تھا حیا کے صرف ایک مہینے صرف ایک مہینے میں مجھے میری منزل مل گئی ۔میں اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کرو اتنا کم ہے ہاں دل میں ایک ٹھیس سے اٹھتی ہے کے میرا یار مکث مکث بن کے ہی چلا گیا یہ تکلیف کبھی نہیں ختم ہو گئی جس انسان سے میں محبت کرتا رہا ہو وہ صراطِ مستقیم پر چلے بنا ہے چلا گیا حیا مجھے معاف کر دو میں نے مکث کے غم میں تمہیں کیا کیا نہیں کہہ دیا

ولی کی انکھیں نم تھی پر حیا کی حیا کے تو جیسے انسو سوکھ چکے تھے اس کا گلٹ مزید بڑھ چکا تھا

www.novelsclubb.com

مکث اس کی محبت اسے چھوڑ کر گیا تو مکث بن کر ہی گیا یہ ایک زخم کی طرح اس کے دل پر لگ گیا تھا جو ساری زندگی نہیں مندل ہونے والا تھا

"مکث میں نے تم سے کبھی نفرت نہیں کی۔""

حیا کے دل سے ہوک اٹھی

"مجھے بہت خوشی ہے ولی بھائی آپ کو بہت مبارک ہوں میری دعا ہے کے آپ ہمیشہ سیدھی راہ پر چلتے رہیں ویسے فجر کا تو بتا دیا آپ نے کیلن کا کیا ہو گا۔"

ولی ہنس پڑا

"کیلن مجھے اس دن ہی چھوڑ چکی تھی جب میں ڈاکٹر حُسین سے ملنے لگا تھا اس کو اپنی فوسٹر مدر کا بیٹا عامر پسند تھا وہ واپس آچکا ہے اور اس نے کیلن کو پرو پوز کیا کیلن کو تو موقع چاہیے تھا مجھ سے بریک آپ کرنے کے لیے اس کو یہ مل گیا۔"

www.novelsclubb.com

حیا کو ہنسی آئی لیکن دھیمی سی مسکراہٹ پر بولی

"چلے اچھا ہے اس میں اللہ کی کوئی بہتری ہو گی ورنہ آپ کا فجر پہ کیسے دل لگتا۔"

ولی قہقہ لگا کر ہنس پڑا

"اچھا چلتا ہو دعاؤں میں یاد رکھنا۔"

حیا زور سے ہنس پڑی کیونکہ یہ لفظ بلکل گانے کے بول کے تھے اور ویسے بھی ابھی ولی کے انے سے پہلے وہ چنامیریا سن رہی تھی

"کیا ہوا!"

ولی کو اس کی ہنسی پر حیرت ہوئی

"کچھ نہیں۔"

حیا نے دروازے کھولا تب ولی بولا

"پروگ کب اوگئی۔"

www.novelsclubb.com

حیا خاموش ہو گئی پھر بولی

"جب اللہ نے چاہا فل حال اپنا بی ایس ختم ہو جائے۔"

"ہاں سنا تھا میں نے تم بی ایس کر رہی ہوں ویسے کس میں۔"

"اکنا مکس!!"

"واوماشاآللہ میں نے اور مکث نے بھی۔۔۔۔۔

خیر جانے دو چلتا ہوں اللہ حافظ

ولی نے اس کے سر پہ ہاتھ رکھا اور نکل گیا جبکہ حیا اسے دور جاتا ہوا دیکھ رہی تھی۔

وہ لیک کے قریب بیٹھی پاؤں پانی میں ڈالے سوچوں میں گم تھی جب کسی نے اس کے انکھوں پر ہاتھ رکھا

اس نے اس ہاتھ کے اوپر ہاتھ رکھا

www.novelsclubb.com

بے بی گرل!!!!!!!

حیا کا دل دھڑک اٹھا اس نے ہاتھ اٹھائے تو اس نے مڑ کر دیکھا مکث کھڑا تھا وہی اونچا لمبا خوبصورت چارمنگ مکث اس کا مکث وہ بہت مختلف لگ رہا تھا

کلین شیو نے اس کی ال ٹائم سٹبل فیس کو غائب کر دیا تھا اس کی انکھوں پہ ائی سائٹ گلاسس تھے جس سے وہ سوبر لیکن بے انتہا حسین لگا رہا تھا

مکث

"شش!!"

مکث نے حیا کے لبوں پر انگلی رکھی "مکث تم اگئے۔"

"ہاں حیا میں اگیا۔"

مکث نے حیا کا ہاتھ پکر کر کھینچا جس سے وہ اس کے سینے سے لگی

حیا کا چہرہ لال ہو گیا اور اس نے اپنے ہاتھ ہمیشہ کی طرح چھڑوائے

www.novelsclubb.com

"ناٹ فیر بے بی گرل میرے جانے کے بعد روتی رہی لیکن میرے انے پر پھر وہی حرکت۔"

مکث نے اس کی کانوں میں سرگوشی کی

"ہٹوں بد تمیز تمہیں پتا ہے میں کتنا روئی تھی تم نے ایسی کیوں کیا۔"

حیا نے انسو بڑھی انکھوں سے شکوہ کیا

تم جو مجھے چھوڑ گئی تھی مکث نے جھک کر اس کی نم پلکے چوم لی

ہٹ جاو میں تم سے نہیں بات کر رہی

حیا اس کی حصار سے نکلی

"حیا میں پھر چلا جاو گا۔"

مکث کی وارننگ والی آواز ائی

"چلے جاو تم جب تک میری نہیں ہو گئے تب تک نہیں ہاتھ لگانے دو گی۔"

www.novelsclubb.com

حیا غصے سے بولی

"حیا مجھے اپنی بات ریپیٹ کرنا نہیں پسند۔"

"اور آب مجھے بھی۔"

حیا بھی اسی انداز میں بولی

"اوکے فائن میں جارہا ہوں۔"

مکث مڑ گیا

حیا بے اختیار اس کی طرف بڑھی

مکث مکث!!!!اچھا سوری نہ مکث

حیا چلانے لگی لیکن وہ رُکنے کا نام نہیں لیے رہا تھا

"مکث ایئم رئیلی سوری ائی لو یو مکث پلیز واپس اجاو۔"

لیکن وہ چلا گیا

www.novelsclubb.com

حیا کی ایک دم انکھ کُھلی وہ اس وقت یونی ورسٹی کے گراونڈ کے درخت کی نیچے نیم دراز تھی یہ جگہ کافی سنسان تھی اس لیے حیا کو کوئی نہیں دیکھ سکتا تھا

"میں خواب دیکھ رہی تھی اُف میرے خدایا۔"

اس نے جب گھڑی دیکھی بارہ بج رہے تھے اس کی انگلش کی کلاس مِس ہو گئی تھی

حیا نے گھر جانے کا فیصلہ کیا اور اپنی بُکس اٹھانے لگی تا کہ گھر آرام کر لے پھر شام کو

اس نے کام پر Costa جانا تھا

اس نے کتابیں اور بیگ اٹھائے اور چل پڑی

.....----------

..

اللّٰہ م آیک بار پھر آپ نے مجھ ازمائش کی گھڑی پہ لیے ائے ہیں پلیز میری لیے

کوئی فریشتہ بھیج دیجے جو میری حفاظت کر سکے

www.novelsclubb.com

دروازے کی دستک پہ اس نے دروازہ کھولا

دیکھا سامنے پیٹر کھڑا ہوا تھا

حیا اپنے آنسو کو روکتی اس کے ساتھ چل پڑی آج اسے صرف اللّٰہ ہی بچا سکتا تھا

حیا کار کے پھیچے بیٹھ گئی اور اپنے انسو کو روکنے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی لیکن پانچ منٹ کے بعد وہ ہچکیوں سے رونے لگی

پیٹر بلکل خاموشی سے ڈرایو کر رہا تھا

اسی طرح سفر میں پورا گھنٹہ ہو گیا تو حیا نے کھڑکھی کی طرف دیکھا

دوبئ کی اونچی عمارتوں کے بجائے یہ سمندر کی طرف اگئے تھے

پیٹر نے کار روکی حیا کا دل رُک گیا

آب پتا نہیں کیا ہو گا پیٹر نے دروازہ کھولا

وہ کانپتے ہوئے اتری پیٹر نے اس کو چلنے کا اشارہ کیا وہ اس کے ساتھ چلتی گئی جب وہ ایک بڑی سی شپ کی طرف ائے حیا بے اختیار چونک پڑی

www.novelsclubb.com

Girl you better run away otherwise I have no choice but to send you to womanizer sheikh that will wreck you're soul

حیا کو اس کی بات پہ حیرانگی ہوئی پیٹر اتنا مہربان

"پر مجھے کہاں جانا ہے۔۔۔۔"

"یہ سامنے شپ ہے یہ امپورٹ اکسپورٹ کی ہے یہ شاہد کسی یورپ کنڑی کی طرف جائے دس از اونلی دا بیسٹ اوپشن یو کین اسکیپ گرل

حیا کی انکھوں میں پھر سے انسو نکل ائے وہ بھاگنے لگی لیکن رُک کر مڑی

"لیکن منیر آپ کے ساتھ۔"

www.novelsclubb.com

Oh don't worry about it that jerk already has left the country

حیا نے تشکر انداز میں اسے دیکھا پھر ہلکی سی مسکراہٹ پر بولی

تھینک یو پیٹر

Best of luck girl

اور وہ تیزی سے شپ کے اندر قدم رکھا اور اندر آگئی جہاں سامان رکھا جاتا تھا اندھیرے میں اس کو کچھ خاص سمجھ میں نہیں آرہی تھی اس لیے اس نے بہت سے باکس کے پیچھے تھوڑی جگہ بنا کے بیٹھ گئی اور ایک اور آزمائش کے لیے خود کو تیار کرنے لگی پتا نہیں یہ آزمائشیں اُس پر کب ختم ہو گیٔ

---

www.novelsclubb.com

"سر مجھے مصطفیٰ کا پتا دیں دیئے۔"

ولی نے ڈاکٹر حُسین سے سلام دعا کرنے کے بعد کہا

"ارے مصطفیٰ سے آپ نے کیوں ملنا ہے۔"

ڈاکٹر حُسین کی حیرت بھری آواز آئی

"سر اتنی تعریف سنُی ہے آپ کے بیٹے کی سوچا کینیڈا آیا ہوں تو ان سے مل لوں۔"

"اچھا میں ابھی آپ کو اس کا اڈریس دیتا ہو پھر بتاتا ہو کے وہ کہاں ہے گھر میں تو ٹکتا نہیں ہے یہ لڑکا۔"

ولی نے فون بند کیا اسے ڈاکٹر حُسین کے سنگ پورے آٹھ مہینے ہو گئے تھے لیکن انہوں نے کبھی اپنے بیٹے مصطفیٰ کے بارے میں نہیں بتایا سنُا تھا وہ بہت الگ ہے ڈاکٹر حُسین سے، مزہب کے سارے حقوق پورے کر رہا ہے ساتھ ساتھ دنیاداری بھئ نبھا رہا ہے ابھی خبر ائی تھی وہ افریقہ گیا تھا لوگوں کے مثائل حل کرنے پھر بے شمار لوگوں کو اپنے فنڈز سے پڑھایا اور حج کروانے کے لیے بھیجا اس کی سوچ یہ تھی کے جب آللہ نے اتنی بے شمار دولت دی ہے تو خود پر فضول خرچ کرنے کے بجائے ہم دوسری کی ضرورت کا خیال رکھے تو اس سے انسانیت کی ایک مثال کے

ساتھ لوگ اللہ سے شرک کرنا چھوڑ دئے گئے ہاں لوگ شرِک کرتے ہیں شرِک انسانوں کے خاص کر غریبوں میں تو جیسے بس چکا ہے جیسے اگر ان کو کسی چیز کی کمی ہو گی تُو وہ کہے گے اللہ امیروں پہ زیادہ مہربان ہے، وہ امیروں کا خدا ہے وغیرہ وغیرہ اگر زرا سی بھی پریشانی آجاتی ہے ہم خدا کو بلیم دینا شروع کر دیتے ہیں جبکہ وہ تو ہمیں ٹیسٹ کر رہا ہے. اللہ اپنے ان بندوں پر ہی ازمائش ڈالتا ہے جس کو وہ سب سے پیارا ہے کیونکہ اس پتا چلے وہ اس سے کتنا ہونسٹ ہے

ولی کو بے اختیار ڈاکٹر حُسین کا ٹاپک یاد آگیا جس میں شرِک سے متعلق لیکچر تھا اور یہ ولی کی ڈیمانڈ پہ تھا جب اس نے مصطفیٰ کی یہ سوچ سنُی اسے شرکِ کا پتا تھا کے اللہ کی علاوہ کسی اور کی عبادت کرنا شرِک کہتے ہیں لیکن اسے مائنر قسم کے شرِک کے بارے میں نہیں پتا تھا اور اسے حیرانگی ہوئی کے اس میں سب سے زیادہ مسلمان ہی ہیں تو ولی کو کنفیوزن ہوئی کے پھر وہ مسلمان کیسے کنسیڈر کیے جاتے ہیں جب وہ اللہ کو نہیں مان رہے

www.novelsclubb.com

"ایسا نہیں ہے ولی میں آپ کو بتاتا ہوں۔

وہ بندہ کھانے کی ٹرے رکھ کر چلا گیا تھا

مکث بیٹھا رہا

اس نے اگے سے کوئی ہنگامہ نہیں کیا بلکہ چُپ کر کے کھانا کھالیا اسے پتا تھا یہ بندئے ڈاکٹر حُسین کو خبر دیتے ہو گے اور اس نے یہی سوچا کے ڈاکٹر حُسین کی نظروں میں اچھا بن جائے تو ہی وہ اسے جانے دئے گے لیکن کیسے ان کا میشن اسے سمجھ میں اگیا تھا کے مسلمان بنا ہے تو کوئی بات نہیں مسلمان ہی بن جائے گے تھوڑی دنوں کے لیے

مکث کے چہرے پہ شاطرانہ مسکراہٹ آگئی اس نے اردِ گرد دیکھا سامنے دو طرف بُک شیلف تھے اور وہ یقین سے کہہ سکتا تھا کے حُسین نے صرف اسلامی کتابیں رکھی ہو گی وہ اپنے ہاتھ دھو کر واپس کمرے میں ایا اور ان میں سے ایک کتاب جو الگ قسم کی لگ رہی تھی جس پہ اسلام نام کا کچھ نہیں لکھا تھا وہ نکالی جس پر انگلش میں لکھا تھا polytheism

"یہ کیا لیٹ می سی۔"

مکث بُکس کا دیوانہ تھا وہ ہر قسم کی کتابیں پڑھنے کا شوقین تھا بُک کا ٹائٹل دیکھا تو اس کو انٹریسٹنگ لگا

"چلوں حُسین آصف تمہیں نیچا دیکھانے کے لیے کچھ ہم بھی جان لیے تاکہ میری حیا کے ساتھ قریب رہنا آسان ہو جائے۔

وہ کتاب لیے کر سیدھا بیڈ پہ بیٹھ چکا تھا اور پڑھنے لگا

پلیز جنفیر اس کو فون کرو میں بہت تڑپ رہی ہو یہ میرا آخری وقت ہے اس آخری لمحے میں اپنے بیٹے کو دیکھنا چاہتی ہوں

جب سے اولویا نے مکث کو ایک نیوز چینل میں ایز ابلینر بزنس مین دیکھا تو اولویا کا منہ کھل گیا وہ بلکل حُسین کی جوانی کا عکس تھا اُسی جیسے بال اسی کی طرح انکھیں نقش میں بھی کوئی فرق نہیں تھا بس اس نے ڈارک سٹبل رکھی ہوئی تھی جس سے وہ مختلف لگ رہا تھا اولویا کو یہ کام چھوڑے ہوئے دس سال ہو گئے تھے اسے اس گلٹ نے چھوڑنے پہ مجبور کیا تھا کے اس کا بیٹا مکث پتا نہیں کس حال میں ہو گا زندہ ہو گا یا لوگوں کے ظلم سہہ رہا ہو گا اس لیے اس کو مکث کے غم نے برین ٹیومر کا شکار کر دیا

اس نے مکث کو دس سالوں سے ڈھونڈنے کی کوشش کی تھی لیکن مکث اسے کہی نہ مل سکا اور آب کے جب وہ مرنے والی ہے اس کی یہ آخری خواہش تھی کے وہ اپنے

www.novelsclubb.com

بیٹے سے مل لیے اور اس سے معافی مانگ لیے لے اس نے جنفیر کو کال کی کے وہ مکث سے اپوینٹ منٹ لیے لے جنفیر نے ہامی بھر لی لیکن پھر جنفیر نے مایوس ہو کر بتایا کے مکس بزنس کے لیے کلیفورنیا گیا ہوا ہے

اولویا نے پوچھا کے نمبر کیوں نہیں مانگا

"اولی ڈیر ایئم ریلی سوری مجھے وہ کسی بھی ریزن پر مکث کا نمبر نہیں دئے رہے تھے ان کے رولز کے خلاف ہے۔"

"پلیز جنفیر میں مر جاوں گی اس سے پہلے مجھے مکث سے ملوا دو۔"

اولویا پھوٹ پھوٹ کر رو پڑی

"ریلکس میں کچھ کرتی ہوں۔"

جنفیر نے کسی طریقے سے مکث سے رابطہ کیا

"ہلیو مکثملین مارٹن سپیکنگ۔"

www.novelsclubb.com

"ہلیو مکث میں جنفیر بول رہی ہوں۔"

جنفیر اس کی بارعب آواز سے متاثر ہوئی تھی یہ تو حُسین سے الگ ہی معلوم ہو رہا تھا ۔"

"واٹ کین ائی ہلپ یو مس جنفیر۔"

مکث فائل کو سائن کر کے سیکیٹری کو دئے کر فون کی طرف متوجہ ہوا

"مکث تمہاری مدر کو کینسر ہے۔"

مکث ساکت ہو گیا یانی ونیسا کو۔۔۔۔

"کیا بکواس ہے کون ہے میری ماں کو کیسے کینسر ہو سکتا ہے وہ تو بلکل ٹھیک ہے کینسر کہاں سے۔۔۔"

www.novelsclubb.com

مکث کھڑے ہو کر سخت لہجے میں بولا

"مکث میں اولویا کی بات کر رہی ہو۔۔"

مکث کو جھٹکا لگا اولویا!!!!

"مکث وہ قسم سے بہت گلٹی ہے وہ مر رہی ہے ڈاکٹر نے اسے لاعلاج قرار دے دیا ہے پلیز اس سے ملنے۔۔۔۔

مکث نے زور سے دیوار پہ فون مارا

جو بہت سے حصوں میں بٹ چکا تھا

رائن اس کی چیخنے کی آواز پر فورن داخل ہوا

"مکث!!!!!!!

"نہیں ہوں میں اس کا بیٹا سمجھی نہیں ہوں میں!!!!!!!!

www.novelsclubb.com

وہ فون کو دیکھ کر حلق کے بل چلایا

"مکث میرے بھائی کیا ہوا ہے۔"

رائن پریشانی سے اس کے قریب ایا

مکث فورن واش روم میں گھُسا اور ٹیپ کھول کر اپنے اوپر چھینٹے مارنے لگا جیسے اپنے گندگی کو صاف کر رہا ہوں

میں نہیں ہوں اس گندی عورت کی اولاد سمجھی

وہ چیخ رہا تھا ساتھ میں اپنے منہ پر پانی کے چھینٹے مار رہا تھا

رائن نے اس کھینچا

"مکث پاگل مت بنوں ہٹوں۔۔۔ Max I'm warning you I'm gonna beat the hell out of you

لیکن مکث جیسے وحشی ہو گیا تھا

رائن نے پوری طاقت لگا کر اسے کھینچا اور اسے ایک زوردار تھپڑ مارا

مکث جیسے ہوش میں ایا

www.novelsclubb.com

"پاگل ہے تو بلکہ پاگل نہیں تیرے پاس تو دماغ ہی نہیں ہے یہ دیکھ تو کہی سے لگ رہا ہے مکث مارٹن جس کا اتنا شارپ دماغ ہے وہ ایسی حرکت کرتا پائے جا رہا ہے ہزار دفع میں نے کہا ہے تمہیں چلو سائیکٹریس کے پاس میں لے جاتا ہوا گر آپ کو زحمت ہو رہی ہے لیکن نہیں میں تو ٹھیک ہو مجھے کیا ہونا ہے تو جا کے اپنا دماغ ٹھیک کر

وہ اس کی نقل اتارتے ہوئے بولا

مکث نے نظریں جکھالی

"دل کر رہا ہے تھپڑوں سے تمہارا منہ لال کر دو پاگل کر دو گے مکث خود کُو بھی اور مجھے بھی۔۔

www.novelsclubb.com

رائن نے اسے صوفے پہ بٹھایا اور انٹر کام سے ایک کافی کے ساتھ سینڈ یوچ منگوایا

اور پھر وہ ٹہلنے لگا مکث ابھی تک سر جکھائے بیٹھا ہوا تھا

"میں آب بتا رہا ہو دوبارہ ایسی حرکت کی تو میں تمہیں شوٹ کر دوگا۔"

رائن کو کبھی اتنا غصہ نہیں ایا تھا جو اسے اس پل ارہا تھا مکث نے اپنے سامنے فون کے پیسس دیکھے وہ ان کو صاف کرنے کے لیے اٹھنے لگا کے رائن سمجھ گیا

"اگر تو یہاں سے ہلا نہ مکث تو تمہاری ٹانگیں توڑ دوگا۔"

مکث پھر بیٹھا رہا فل حال اس کو لڑنے کی سکت نہ تھی

دروازے کی بیل پہ اس نے فورن دروازہ کھولا اور ایک ویٹر مکث کے سامنے ٹریے ٹیبل پر رکھ چکا تھا لیکن اسے مکث کی حالت پر حیرانگی ہوئی

"ٹھیک ہے جائے آپ۔۔۔۔"

www.novelsclubb.com

رائن اونچی آواز میں بولا

رائن نے دراز سے ٹرینکولائزر نکالی اور مکث کو دی

"چپ کر کے لیے اور کھا اگے سے اگر کچھ چھوٹا تو یہ جو تیرے بتیسی ہے وہ توڑ کے رکھ دو گا

مکث کو بلا آخر ہنسی اگئ

"بس کر اور کتنا غصہ نکلائے گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"جب تک تیرا یہ beast والا روپ ختم نہیں ہو جاتا تب تک۔"

رائن کو اس کی ہنسی پہ تاؤ ایا

"میں ٹھیک ہو یار۔"

"ہاں وہ تو مجھے نظر آ رہا ہے کتنے ٹھیک ہے آپ۔"

www.novelsclubb.com

رائن طنزیا لہجے میں بولا

"چپ کر کے یہ دوائی لے اور انکھ بند کر کے لیٹ جا اگر مجھے یہاں سے ایک انچ بھی ہلتے ہوئے نظر ائے تو بائی گاڈ میں نے اس عمارت سے کود جانا ہے

"اوکے ڈیڈی۔"

مکث ہنستے ہوئے بولا اور رائن اسے گھور کر چلا گیا

جبکہ مکث کی انکھیں پھر سے سُرخ ہو گئی

حیا کی انکھ کھُلی جب اس نے دیکھا سورج نکل چکا تھا اور شپ کے انجن کی زوردار آواز نے اس کا استقبال کیا حیا اِرد گرد دیکھ رہی تھی پھر وہ اہستگی سے اٹھی شکر کیا کے وہاں کوئی نہیں تھا

اس نے گہرا سانس لیا پھر اس نے دیکھا یہ کسی اولڈ ٹاون جیسا علاقہ لگ رہا تھا جہاں بلڈنگ کے ہر طرف لال اور لائٹ اورنج رؤف نظر ارہے تھے شپ رُکی ہوئی تھی اور آب سامان نکالنے کے لیے اسے کھولا جائے گا

حیا گہری سوچ میں تھی جب کسی کی آواز پڑ مڑی

"ہواڑ یو ینگ لیڈی۔"

وہ ایک بوڑھا آدمی تھا جس نے بلیو کلر کا جمپ سوٹ پہنا ہوا تھا اور اس کے نیچے سفید ٹی شرٹ جو تقریبا میلی ہو چکی تھی

"میں میں میں۔۔۔۔۔۔۔

"واٹ می می میں نے کہا تم کون ہو اور شپ میں کیا کر رہی ہوں۔"

بوڑھے آدمی کے ماتھے پر بل پڑ گئے

"ویر ایئم ائی۔"

www.novelsclubb.com

حیا تیزی سے بولی

وی آڑ ان جرمنی

جرمنی!!!!!!!

یہ کہاں اگئی میں

حیا آہستہ سے بڑبڑائی

حُسین نے سرکاری ہسپتال میں کام کرنا شروع کر دیا

وہ بدل گیا تھا اس رات وہ مسجد میں داخل ہوا تھا نماز شروع ہو چکی تھی وہ ان کو دیکھا جا رہا تھا اسے نماز نہیں اتی تھی اور ان نمازیوں کو نماز پڑھتا دیکھ کر اسے رشک ایا وہ سائڈ پہ بیٹھ کر انہیں دیکھنے لگا جب وہ لوگ پڑھ کر واپس جا رہے تھے ان میں سے ایک بوڑھا آدمی اسے دیکھ کر چونکہ

www.novelsclubb.com

اسے دریافت کیا کے وہ آب تک یہاں کیوں بیٹھا ہے

حُسین نے روتے ہوئے اپنی ساری کہانی سنائی

"دیکھے کتنا بد نصیب ہو جس کو نماز تک نہیں اتی مجھ جیسے بندے کو اللہ کیسے معاف کرے گا۔"

حُسین روتے ہوئے بولا تو وہ مسکرا دیے

"کیوں نہیں کرے گا اللہ اگر تم معافی کے لیے ہاتھ پھیلاوں گئے تو وہ ضرور معاف کرے گا گناہ چاہیے سمندر کے برابر ہی کیوں نہ ہو وہ پھر بھی معاف کر دیتا ہے تم گر گرا کر معافی مانگوں تو وہ تمہیں خالی ہاتھ نہیں لوٹائے گا اسے اپنے بندے کے انسو بہت پسند ہے او میں تمہیں نماز سیکھاتا ہو۔"

پھر وہ بدل گیا اس نے خدا سے رو رو کر معافی مانگی ایک دم جیسے اس کے دل کو تسلی ہو گئی تھی جن سے اس نے بات کی تھی وہ مسجد کے امام تھے امیر علی وہ زیادہ سے زیادہ ان کے سنگ گزارنے لگا

صرف ایک ہفتہ وہ ان کے گھر قیام پزیر ہوا اس کے بعد اس نے سرکاری ہسپتال میں درخواست دی اور پھر ایک کرائے کا گھر لیے لیا۔۔ صبح کام پر جاتا اور واپسی پر لیکچر اٹینڈ کرنے اس کے بعد امام امیر علی کے کہنے پر وہ اپنے باپ کے گھر گیا

لیکن گارڈ نے مایوسی سے اسے کہا

"سر کہہ رہے ہے کے ان کو کوئی بیٹا نہیں ہے بھیج دو اسے واپس۔"

"پلیز حمید چاچا آپ پاپا سے بات کرے میں ان کے پاؤں پکر لو گا ایک بار صرف ایک بار۔"

لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا اسی رات حُسین نے امیر علی کو بتایا

"کوئی بات نہیں باپ ہیں تھوڑا بہت غصہ اجاتا ہے ٹھیک ہو جائے گئے تم روز جایا کرو ایک بات مایوس نہ ہونا اس پاک زات پہ یقین کرنا۔"

اور پھر حُسین اس معاملے میں ڈھیٹ بن گیا

لیکن آصف صاحب اس بار پتھر دل کے ہو چکے تھے

"جرمنی میں جرمنی کیسے اگئی۔"

حیا پریشانی سے بولی پھر ان کی عجیب نظریں خود پر محسوس کر کے ایک دم بولی

"آب یہ کہاں جائیں گئی۔"

حیا کی بات پہ اس نے ابرو اُٹھائے

"کچھ سامان وھیکل کے تھڑو جائیں گا اور سیدھا پروگ۔"

www.novelsclubb.com

"آپ میری مدد کر سکتے ہیں۔"

حیا نے ہاتھ جوڑ کر التجا کی

ان کی مدد سے وہ ایک باکس میں گھسی اور پھر وہ باکس اُٹھا کر ایک سٹوری کار میں لیے گئیں اور پھر سیدھا سٹیشن پہنچے اور وہاں لیکر گئیں اس کے بعد جب پروگ پہنچ گئیں تو کوئی سامان اُٹھا کر وین میں ڈالنے لگا کے وہ گر پڑا جس سے حیا باہر نکل پڑی حیا ڈر کر مڑی انہوں نے حیرت سے دیکھا اور وہ اُٹھ

اور تیز تیز بھاگنے لگی اور گھنٹہ بھاگنے کے بعد وہ کسی سے بُری طرح ٹکرائی وہ جن خاتون کے ہاتھ میں سبزی اور فروٹ کے پیکٹ تھے وہ ٹکر لگنے سے گر گئے اور ساتھ میں وہ بھی زمین بوس ہو چکی تھی

"اے میرے اللہ ایئم سو سوری۔"

حیا نے انہیں اٹھانے میں مدد کی

"پلیز مجھے معاف کر دئے میں نے آپ کا سامان بھی گرا دیا۔"

حیا نے پہلے انہیں اٹھایا اور پھر ان کا سامان براون بیگ میں ڈالنے لگی

www.novelsclubb.com

"رہنے دو بیٹا خراب ہو گئے ہو گے۔"

انہوں نے نرمی سے کہا اور چلنے لگی لیکن اگلے ہی لمحے ان کا پاؤں کے درد سے کہرانے لگی

"آپ کو کیا ہوا انٹی۔۔۔۔۔۔"

حیا نے ان کو پریشانی سے دیکھا

وہ فٹ پاتھ پہ بیٹھ گئی

"لگتا ہے موچ آگئی ہے۔۔۔۔"

وہ اپنے پاؤں کو دیکھنے لگی

www.novelsclubb.com

"انٹی میں آپ کا پاوں دیکھ لو۔۔۔

انہوں نے سر اٹھا کر حیا کو دیکھا

"نہیں رہنے دو بیٹی تم جاوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"میں میں کہاجاوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

رومیسہ نے چونک کر حیا کو دیکھا

"کیوں آپ کا گھر نہیں ہے۔"

حیا نے نفی میں سر ہلایا

انہوں بے غور سے حیا کو دیکھا سرخ لمبئ شفون کی مکشی الجھے بال پیلا زرد چہرہ انکھوں کے نیچے حلقے ہونٹ پھٹے ہوئے البتہ کانوں میں اس نے ہیرے کے ٹاپس اور چین پہنی ہوئی تھی

"مجھے کیا تم گھر چھوڑ سکتی ہوں۔۔۔"

www.novelsclubb.com

"جی!!جی ضرور کیوں نہیں۔۔۔۔۔

حیا نے انہیں اٹھایا اور ساتھ لیے کر چلنے لگی

"نام کیا ہے تمہارا؟"

انہوں نے اس کے ساتھ چلتے ہوئے پوچھا

"جی حیا۔"

حیا ہستگی سے بولی

"بہت پیارا نام ہے کہاں سے ائی ہوں۔"

"پتا نہیں کہاں سے ائی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حیا بڑبڑاتے ہوئے بولی

"انٹی میں پاکستان سے ائی ہوں۔"

"تم میرے ملک سے ہو یہ تو اچھی بات ہے میرے لیے آسانی ہے اچھا پروگ کس لیے ائی ہوں۔۔۔۔۔۔

www.novelsclubb.com

ان کا گھر قریب تھا اس لیے یہ لوگ جلدی پہنچ گئے

"میں پروگ؟؟؟"

"ہاں پروگ۔۔۔۔اچھا اندر راو پھر بتاو مجھے تمہاری حالت ٹھیک نہیں لگ رہی۔"

رومیسہ بلا کی نظر شناس تھی اس لیے بولی

حیا جھجھک گئی

"میں۔۔۔میں کیسے اسکتی ہو آپ تو مجھے جانتی نہیں ہے

"اجاو بیٹی تمہارا شکریہ ادا کرو گی جو تم مجھے اٹھاتے ہوئے لیے ائی گھر تک ورنہ آج کل کون کرتا ہے

۔"رومیسہ کی بات پر حیا پہلی سوچتی رہی پھر ان کے ساتھ اندر داخل ہوئی

---

www.novelsclubb.com

فجر نے اسے سبق سکھانے کے لیے تھوڑا سا آگے چل کر جھاڑیوں میں چھپ گئی تاکہ زاہد کو لگے وہ کافی آگے چلی گئی ہے ورنہ وہ اتنی پاگل نہیں تھی اسے تو جنگلوں کے راستے ہی نہیں پتا تھے

"آب دیکھنا میری اہمیت کا اندازہ ہو گا اسے کے فجر کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا ۔۔۔ کتنی بڑی انٹرٹینمنٹ کو کھو رہا ہے وہ

فجر ہنستے ہوئے اپنے آپ سے بولی

اُدھر زاہد فجر کو ایک سو ایک بد دعایں دیے چکا تھا جو فجر کو باخوبی سنائی دے رہی تھی

"خدا کرے فجر تمہیں کوئی سانپ ڈس لیے نہیں نہیں یہ زیادہ ہو گیا ہے ماموں جان نے تو مجھے قتل کر دینا ہے بلکہ نہیں خدا کرے فجر تمہارے سامنے سانپ اجائے اور پھر تم چیخ کے میرے پاس او۔"

آج تو لگتا تھا جیسے کنیڈین فورسٹ بد دعاوں کے لیے بنا تھا کیونکہ جیسے فجر ہلکہ سے پھیچے ہوئی اس نے کسی کے سُر سراتی ہوئی آواز سُنی ویسی ہی فجر کی ریڑھ کی ہڈی میں میں سنسنی دوڑی

فجر نے گھبڑا کر جلدی سے منہ اِدھر کیا تو اس کی چیخ نکل ائی کیونکہ اس سے اپنے پانچ انچ کی فاصلے پہ سانپ نظر ایا اس نے سائڈ پہ ہو کر اچھل پڑی وہ زاہد کی طرف نہیں جاسکتی تھی کیونکہ اس راستے کی جانب ہی سانپ تھا فجر کے تو ٹانگیں کانپ گئ

"زاہد بچاو۔"

فجر چیخی

زاہد کو ہنسی ائی لیکن بولا کچھ نہیں

"زائد مجھے بچاو وہ میرے قریب ارہا ہے"

"میں کیسے بچاو میں پھسا ہو ویسے تم ہو کہاں۔"

www.novelsclubb.com

زاہد مزے سے بولا

وہ اتنے قریب اگیا کے فجر چیختی ہوئی تیزی سے بھاگی اور پوری سپیڈ لگا دئی اگر اتنی سپیڈ یہ اولمپک ریس میں لگاتی تو ضرور اس نے فرسٹ پرائز جیتنا تھا لیکن یہاں پہ اس کا نقصان ہو گیا وہ بہت تیزی سے چلتی کہی کھو گئی

:----------

۔۔۔ڈاکٹر حُسین کے کہنے پر وہ اس پتے پہ آیا تھا اس سے حیرانگی ہوئی وہ سمجھ رہا تھا اِن کا بیٹا اسے کہی مسجد یا کہی اسلامک سنٹر چلوں بے شک کسی ہوٹل میں لیکن کسی ریسنک ٹریک پر ڈاکٹر حُسین کا کہنا تھا وہ خاصا مُختلف ہے دین اور دُنیا کو ساتھ لیے کر چلنے والا شخص ہے وہ میرے جیسا بلکل بھی نہیں ہے اچھا ہے سب کو اِس جیسا ہی ہونا چاہیں آپ بھی تو ایسے ہی ہوں ولی"

"صیح کہا آپ نے لیکن آپ کے بیٹے کو ایز اپریکٹسنگ مسلم کا سوچ کر مجھے تھوڑی حیرانگی ہوئی کیونکہ کے عموماً انسان اِن چیزوں کو چھوڑ دیتا ہے لیکن کوئی بُرائی بھی نہیں ہے

اس نے فون بند کیا

اور اندر داخل ہوا اور اس کے بارے کسی سے پوچھا انہوں نے بتایا کے اس کی ریس چل رہی ہے

ولی نے اس طرف دیکھا جہاں بڑی سے ریسنگ ٹریک پر دو گاڑیوں کی ریس چل رہی تھی ایک بلیک کار تھی اور دوسری بلیو

Black Ferrari

www.novelsclubb.com

تیزی سے اگے موڑ کاٹ رہی تھی جبکہ بلیو بھی اپنی کوشش میں اس کو کاٹنے میں لگی ہوئی تھی

بڑی ہی دلچسپ ریس تھی ولی کو تو عرصہ ہو گیا تھا ریس لگائے ہوئے پھر اس نے

چونک کر دیکھا کے بلیک فیراری اس کو اگے سے راستہ نہیں دیے رہی تھی

ولی ٹھٹکھا اسے یہ سٹائل کسی کی یاد دلائی

یہ آخری لیپ رہ گیا تھا بلیک ابھی تک اگے تھی جبکہ بلیو ہمیشہ کی طرح پیچھے پورے

آدھے گھنٹے کے بعد بلا آخر بلیک کی جیت ہوئی

ولی کو نہیں پتا تھا ان میں سے کون سا وہ ہے

جب بلیک والے نے گھاس پر لیے کر زور سے ڈرفٹنگ کرنے لگا

یہ ایک جیت کی خوشی کا اظہار تھا

www.novelsclubb.com

پھر وہ باہر نکلا اپنا ہلمٹ کو سر سے اتار کر اپنے منہ کو جھٹکنے لگا جہاں وہ خوشی سے چلایا

Victory is always for me thank you Allah

مصطفٰی آصف کو دیکھ کر ولی کو چار سو چالیس والٹ

کا جھٹکا لگا

"!!!!!!!!Max"

مصطفی نے کسی کی چیخنے پر چہرہ موڑا اور رائن کو دیکھ کر اس کا منہ کھل گیا

!!!!!!!!Ryan

حُسین کو اس ہوسپیٹل میں کام کرتے ہوئے پورے چھ سال ہو گئے تھے وہ آب ڈاکٹری کے ساتھ اسلامک سکولر بننے کی تیاری کر رہا تھا

وہ آب بھی اپنے باپ سے معافی مانگنے جاتا تھا لیکن ناکام رہا واقی میں اس بار اس کا باپ اس سے بُری طرح متنفر ہو چکا تھا

www.novelsclubb.com

حُسین اس سال حج کر کے واپس ایا تھا جب اس کی ملاقات اسد عمیر سے ہوئی

اسد عمیر امیر علی کا دوست کا بیٹا تھا وہ ایک دن حُسین کا لیکچر سن رہا تھا عورتوں سے متعلق تو وہ اس سے امپریس ہو گیا اسد نے سوچ لیا وہ اپنی لاڈلی بہن کی شادی اسی بندے سے کروائے گا پھر اسد روز انے لگا اور اسی طرح حُسین سے بات چیت ہونے لگی

حُسین کو اسد اچھا لگا تھا اس نے اپنے گھر پہ بولا یا

جس پر اسد نے انے کا وعدہ کیا۔

مس حیا جیسے کے آپ جانتی ہیں آپ کو یہ financial aid مسٹر مصطفیٰ کی بدولت ملی ہے۔ وہ محنتی لڑکیوں کے لیے بے شمار ایڈز دینے کے لیے تیار ہے وہ چاہتے ہے لڑکیاں پڑھے اور کچھ کر دکھائے شروع میں تو مجھے آپ سے بہت

امیدیں تھی بٹ آب آپ کے پہلے سمسٹر میں ہی بُری جی پی اے دیکھ کر مجھ بے حد مایوسی ہوئی آپ بے شک رگولر سٹوڈنٹ ہے لیکن رگولرٹی کا کچھ تو ثبوت دئے ۔"

مسز ہوپکنس بہت سنجیدگی سے حیا کو دیکھتے ہوئے بولی

حیا شرمندگی سے سر جھکا گئی

"ایئم سوری میم ائندہ آپ کو شکائت کا موقع نہیں ملے گا۔"

"میں بھی یہی امید کرتی ہو حیا Have a good day۔"

حیا باہر نکلی تو انا اس کے قریب ائی

www.novelsclubb.com

"کیا بہت ڈانٹا ہے مس ہوپکنس نے

حیا نے نفی میں سر ہلایا

"ڈانٹا نہیں ہے بس سمجھایا ہے ٹھیک ہی تو کہتی ہے میرے کتنے پوئر گریڈز آئے ہیں سچ میں مجھے تو پڑھنا ہی نہیں چاہیے میں ایک ویٹریس بنے کے قابل ہی ہوا تنے عظیم بندئے کے پیسے برباد کر رہی ہو جو لڑکیوں کے لیے اپنا پیسہ پانی کی طرح بھا رہا ہے تاکہ وہ اگے اپنا فیوچر سنوار سکے"

حیا اہستگی سے بولی

"مصطفیٰ آصف کی بات کر رہی ہو مائی گاڈ حیا کیا بندہ ہے اتنا چارمنگ اور ایلیورنگ پرسنالیٹئ میں نے آج تک نہیں دیکھی سچ میں ہی از ویری نائس گائے تمہیں یاد ہے وہ ہمارے ولکیم ویک میں ایا تھا لیکن تم نے ایونٹ ہونے سے پہلے ہی نکل گئ تھی اس کی باتیں تم سنتی تو لگ پتا جاتا کاش ہر لڑکی کو ویسا ہی بندہ ملے۔

www.novelsclubb.com

حیا بس خاموشی سے سنتی رہی

"اچھا اکاونٹس کی کلاس لینی ہے؟"

انا بولی

"انا تم جاوں میں ابھی اتی ہو لائبریری سے کچھ بُکس لیے او۔"

اولویا لندن کے سرکاری ہوسپٹل میں ایڈمٹ ہو گئی تھی

ساری دولت تو اس کے کام چھوڑنے پر لیے لی گئی

حُسین کو ہمیشہ بے شمار ہوسپٹل پہ بولایا جاتا تھا

وزٹ کے لیے اور یہی پل تھا جس میں اس کا اولویا سے سامنا ہوا

حُسین کو ڈرفنٹ ڈیپارٹمنٹ دکھائے جا رہے تھے

www.novelsclubb.com

جب وہ نیورلوجی ڈیپارٹمنٹ میں ایا اولویا کو واش روم سے واپس اپنے کمرے میں

لیے کر جا رہے تھے جب اولویا نے حُسین کو پہچان لیا

"حُسین!!!!"

حُسین جو ڈاکٹر لوکس سے بات کر رہا تھا کسی کی کمزور آواز سے اس کا نام پکارا تے ہوئے سُنا تو بے اختیار مڑا

وہ ایک بہت ہی کمزور اور بیمار خاتون لگ رہی تھی جو اس کی ہی عمر کی لیکن حُسین نے فورن اس کی گرینش بلیوائز کو فورن پہچان لیا

"اولویا!!!!"

حُسین فورن اس کی طرف ایا

"اولویا یہ تت تم ہو۔"

" حُسین!

اولویا نے رونا شروع کر دیا

نرس نے فورن اسے بستر پہ لیے کر گئی

"پلیز آپ کے سر میں تکلیف ہو جائے گی رویے مت۔"

www.novelsclubb.com

نرس نے اسے پانی پلایا اور اسے نصیحت کی

حُسین اس کے قریب ایا

"اولو یا یہ تمہیں کیا ہوا ہے۔"

"مجھے اپنے کیے کی سزا ملی ہے مکث کو بیچ کر مجھے خدا نے بہت بڑی سزا دی ہے۔"

حُسین کا منہ کھل گیا

"کیا!"

"ہاں تم سے بدلے کی اگ میں میں نے اپنے بیٹے کو جلا دیا وہ میرا مکثملین نہیں ہے وہ تو کسی و نیسا نامی کا مکث مارٹن ہے وہ ایک معصوم سا مکث نہیں ہے وہ تو ایک پینیتیس سالا ٹاپ بلینر ٹائی قون ہے وہ ایا تھا میرے پاس پتا ہے کیا کہہ کر گیا تھا تم سنو گے

حُسین اس نے کیا کہا تھا

www.novelsclubb.com

جنفیر نے جب مکث کو اولویا کی رپورٹ فیکس کے طور پر بھیجی تو مکث نے جنفیر ہڈسن نے متعلق ساری انفورمیشن نکالی اور اس کے گھر ایا

جنفیر نے دروازہ کھولا تو مکث کو دیکھ کر حیران ہوئی

"مکث تم!۔"

www.novelsclubb.com

مکث غصے سے اس کو پرے کرتے ہوئے اندر داخل ہوا

جنفیر نے اس کے روڈانداز کو اگنور کیا اور دروازے کو بند کیا

مکث صوفے پہ بیٹھا گیا اور اس نے چیک اس کے سامنے اچھالی

"سائن کیا ہوا میں نے جتنی رقم لکھنا چاہتی ہو لکھ سکتی ہو مجھ جیسے بندے کو پیسے کی کوئی کمی نہیں ہے۔"

اکسکیوزمی؟

جنفیر کو اس کا انداز بے حد ناگوار لگا

That bloody hooker wants my money fine she can have it but tell her Not to mess with me or else I have no choice but to break her bones

www.novelsclubb.com

مکث کرخت لہجے میں بولا

"مکث تمیز سے جس کی بات کر رہے ہو وہ تمہاری ماں۔۔۔۔۔

مکث نے سامنے پڑے ٹیبل کو زور سے ہاتھ مارا

Shut your filthy mouth

مکث غرایا

جنفیرا اچھل کر پھیچے ہوئی

Don't say that she's my mother or else I won't spare you old lady

مکث سرد لہجے میں بولا

"مکث ٹھیک ہے وہ تمہاری ماں نہیں ہے لیکن انسانیت کے ناطے۔"

مکث نے ایک زوردار قہقہ لگایا

www.novelsclubb.com

"انسانیت! مسز ہڈسن انسانیت میں جب خود ایک انسان نہیں ہو تو آپ مجھے انسانیت کا واسطہ دیتی ہیں۔ وہ انسان اسی دن مر گیا جب ایک ماں نے اپنے بچے کو بیچ دیا او کے رُکیے مجھے آپ ملوائی گی میری سو کالڈ مدر سے۔۔۔۔"

جنفیر اچانک اس کی بات بدلنے پہ حیران ہوئی

"اولویا سے ملوں گئے۔"

"افکورس وائی ناٹ وہ میری ماں ہے میں کیوں نہیں ملوگا ان سے۔"

مکث کے چہرے پہ عجیب سی مسکراہٹ ائی

"ٹھیک ہے چلو پھر۔"

جنفیر اسے لیے کر جانے پہ تو تیار ہو گئی لیکن اس کو کچھ ٹھیک نہیں لگ رہا تھا

-

www.novelsclubb.com

"ائے میرے اللہ اتنا بڑا ظلم حیا تم نے اپنے گھر والوں کو کیوں نہیں سمجھایا۔"

حیا نے اپنی بات مکمل کی تو رومیسہ انٹی کی انکھوں میں انسو اگئے اور انہوں نے حیا کو گلے لگا لیا حیا کو یہ انسو اور یہ ہگ زرا بھی نقلی اور جھوٹے نہ لگے ایسا لگا جیسے امی نے اسے گلے لگا دیا

"اچھا رو نہیں میں تمہاری مدد کرو گی۔"

"نہیں انٹی آپ کو زحمت کرنے کی ضرورت نہیں ہے بس کچھ ایسا کر دئے کے میں اس ملک میں کام کرنے لگ جاوائی نو میں پروگ کے لیے ایللیگل طور پہ ائے ہو کچھ ہو نہیں سکتا۔"

حیا نے انہیں امید سے دیکھا شاہد یہ کچھ کر سکے

"نہیں فکر نہ کرو میرے ایک دوست ہے وہ وکیل ہے وہ کچھ کر سکتی ہے ابھی تو بلکل نہ فکر کرو ہاں ایک کام کرو پہلے فریش ہو جاو اور میں تمہیں کوئی کپڑے دو کچھ کھایا بھی نہیں ہو گا۔"

انٹی رومیسہ آہستہ اہستہ چلتی کمرے کی طرف گئی

حیا نے خدا کا اس کرم پر شکر ادا کیا

ولی تو جیسے ساکت ہو گیا وہ بہت غور سے مکث کو دیکھ رہا تھا جو مصطفیٰ آصف تھا اس کا دوست مسلمان!

وہ غور سے اسے دیکھ رہا تھا بلیک سپورٹس ڈریس میں چہرے کے گرد دھول اور ڈسٹ جس سے اس کو بلکل چڑ نہیں ہوئی سب کو کچھ ویسا تھا بس اس نے کلین شیو کی ہوئی تھی اور چہرے اور انکھوں میں ایک الگ سا تاثر تھا

مصطفیٰ کے چہرے پہ گہری مسکراہٹ ائی اور وہ تیزی سے بھاگا اور ولی کے گلے لگ گیا

"رائن بروتم اگئے تم سوچ نہیں سکتے میں نے تمہیں کتنا مس کیا میں جانتا ہو میری موت کا سنتے ہوئے تمہیں کتنی تکلیف ہوئی ہو گی تکلیف تو مجھے بھی ہوئی تھی کے تم لوگوں پہ کیا گزری ہو گی پر کیا کرتا اگر میں نہ مرتا تو مصطفیٰ کیسے پیدا ہوتا۔"

ولی تو جیسے ساکت تھا اس کا دوست زندہ ہے وہ بھی مسلمان اور اتنے عظیم شخص کا بیٹا ہے اسے اس وقت کچھ سمجھ میں نہیں ارہی تھی

"میر کل ڈوہیپن سن۔"

اسے ڈاکٹر حُسین کی بات یاد اگئی ہاں معجزے ہوتے ہیں اور یہ دنیا کا سب سے بڑا معجزہ تھا مکث بچ گیا اور مسلمان بھی بن گیا

"رائن کہی شاک میں تو نہیں چلے گئے۔"

مصطفیٰ اس سے الگ ہوا اور اس کے چہرے کو ہاتھوں سے پکر کر جنجھوڑا

Buddy I'm alive !!!just believe it

رائن نہیں محمد ولی!

آب مصطفیٰ شاکڈ میں چلا گیا کیونکہ ولی نے اردو میں اسے جواب دیا

"واٹ!!!"

"کیوں تو مسلمان بن سکتا ہے میں نہیں۔"

ولی نے اس کے کندھے پر مکا مارا

مصطفیٰ نم انکھوں سے مسکرا دیا اور اسے کھینچ کر گلے لگایا

"کمینے میرے ہی نقل کرنا تو!!!

"ابے کیسی نقل میں تو تیری سو کالڈ موت کے چار مہینے بعد مسلمان بنا تیری کیا سٹوری ہے۔"

www.novelsclubb.com

"مصطفیٰ ہنسا

"وہ ایک لمبی کہانی ہے۔"

مکث اندر داخل ہوا

اولویا جو سوئی ہوئی تھی کسی کے زور سے دروازہ کھولنے پر اس نے ہلکی سے انکھیں کھولی

Wake up drama queen

مکث پتھر سے بھی سخت لہجے میں بولا

اولویا اٹھی اسے یقین نہیں ایا اس کا بیٹا اس کے گھر ا گیا ہے

www.novelsclubb.com

"مکث میرے بچے۔"

"ہاں بد قسمتی سے۔"

مکث نے عجیب نظروں سے اولویا کو دیکھا

اولویا بامشکل ہی اٹھ پائی

"لیٹے رہیے ویسے بھی میری بات سُن کر اپنے دوبارہ بستر پہ ہی گر جانا ہے۔"

جنفیر اندرائی

"مکث ایسے کوئی بات نہ کرنا جس سے اولی کو کوئی نقصان پہنچے۔"

"جو دوسروں کا نقصان کرتی رہی تو یہ کیوں بھول گئی کے ان کی بھی باری ہو سکتی ہے۔"

مکث ہنسا

جنفیر کو اس کی ہنسی سے خوف ایا جبکہ اولویا اُٹھ کر اس کے قریب ائی اس چھونے لگی کے مکث بدک کے پھیچے ہوا جیسے سانپ نے ڈس لینا ہے

www.novelsclubb.com

اولویا کے دل سے ہوک اٹھی

"مکث!"

"آپ بولیے لیکن خبردار مجھے چھونے کی کوشش کی سمجھی آپ۔"

مکث تیزی سے بولا

"مکث مجھے معاف کردوں میں بہت ظالم ماں ہو بلکہ میں تو ماں کہلانے کے قابل ہی نہیں ہو۔"

اولویا نے مکث کے سامنے ہاتھ جوڑ دئے اور روتے ہوئے بولی

"صیح کہا آپ نے آپ تو ماں کے نام پر گالی ہے سریسلی ائی لائک یور ہانسٹی!۔"

مکث نے تو آج سارے بدلے چکانے کا ارداہ کیا ہوا تھا

"پلیز مکث فور گاڈ سیک تم چلے جاو اولویا کی طبعیت خراب ہو جائے گی۔"

www.novelsclubb.com

"نہیں جینی بولنے دو اسے صیح کہہ رہا ہے بلکل ٹھیک کہتے ہو تم بیٹا میں ماں کے نام پر ایک گالی ہو۔"

"اوکے میں آپ سے مزید بات نہیں کرنا چاہتا کیونکہ میں نہیں چاہتا کے میرے صبر کا پیمانہ لبریز ہو جائے سوائی ہیوٹو گو بٹ ون تھنگ ائی ٹیل یو اولیو یا یور نھتنگ بٹ ابلڈی ہو کر جو صرف لوگوں کے دل سے کھیل سکتی ہے مگر جیت نہیں سکتی تم ایک کوڑا ہو ایک کچرے کا ڈھیر ہو اور کچھ نہیں اور میرے درخواست یا وارننگ سمجھ لو اگر میرے سامنے دوبارہ انے کی کوشش کی تو تم زیادہ بہتر سمجھ سکتی ہو۔"

مکث کا لہجہ سخت ہونے کے باوجود نا جانے کیوں رندھ گیا

جبکہ اولویا کو اپنا آپ کبھی اتنا غلیظ نہیں لگا تھا جتنا آب لگ رہا تھا یہ کوئی کہتا تھا تو اس کو اتنا بُرا نہ لگتا اس کے اپنے خون نے کہہ دیا وہ ایک کچرے کا ڈھیر ہے

"اولی مجھے معاف کر دوں میری وجہ سے اولی اولی۔"

لیکن اولویا ہوش و خرد سے بیگانہ ہو گئی

www.novelsclubb.com

"ویسے میں نے سوچا مجھے تو کوئی لمبی سے دھاڑی والا نظریں جکھائے ہوئے شلوار قمیض میں مصطفیٰ ملے گا لیکن تم تو بلکل ویسے ہی ہو۔"

ولی اس کے ساتھ کار میں بیٹھا ہوا تھا

"شاہد ایسا ہوتا تو بھی تو ویسا ہی ہے بلکل نہیں بدلا۔"

مصطفیٰ کہاں چھوڑنے والا تھا

"دھاڑی رکھنا اچھی بات ہے سنتِ نبوی ﷺ ہے لیکن میں بلیو کرتا ہو ہمیں اپنے عمل پر زیادہ دھیان دینا چاہیے اس کو بدلنا چاہیے نہ کے ظاہری حُلیے سے خود کو بدلے اس سے زیادہ انسان پھر شواوف کرنے لگ جائے گا یہ ایک قسم کا شرک ہی

ہو گا ہمیں باتیں کرنے والے بن جائے گے لیکن عمل نہیں کرے گے تو میں عام سا مسلمان ہی ٹھیک ہو منافق بنے سے ہزار گنا بہتر۔"

"تو پھر دوست میرے بھی یہی سوچ ہے میں ظاہر سے زیادہ اپنے دل اور عمل کو بدلنے میں یقین رکھتا ہو اللہ کو آپ کے اچھے عمال ہی چاہیئے۔"

مصطفیٰ اہستگی سے بولا

"میں بتا نہیں سکتا مصطفیٰ کے میں کتنا خوش ہو تمہیں دیکھ کر میں گھر جا کے شُکرانے کے دو نفل پڑھوں گا۔"

مصطفیٰ موڑ کاٹتے ہوئے ہنس پڑا

"ویسے عجیب بات ہے تو آزاد ہو گیا لیکن تو نہ میرے پاس ایا نہ انٹی نہ فریڈی سے اور نہ ہی حیا سے ملنے۔"

مصطفیٰ نے ایک دم بریک لگائی

"حیا!"

"ہاں مصطفیٰ حیا تمہاری حیا تمہاری اوبزیشن کہاں چلی گئی مجھے یقین تھا تو ہمارے لیے بے شک نہ آتا لیکن حیا کے کیے تو ضرور آتا۔"

مصطفیٰ خاموش رہا پھر ایک دم کار چلانے لگا

"ممی سے اس لیے نہ مل سکا کیونکہ خود کو ٹھیک کرنے میں اتنا مصروف تھا کے میں چاہتا تھا پہلے اللہ کو خوش کرو پھر باقیوں کا سوچوں۔"

"باقیوں سے مراد اس میں حیا بھی ہے۔"

ولی اچانک بولا

www.novelsclubb.com

"حیا تو خوش ہوئی ہو گی میں مر گیا ہو۔"

ولی اگے سے کچھ بولنے لگا کے اچانک چُپ ہو گیا پھر کچھ سوچ کے مسکرایا

"مصطفیٰ حیا کی شادی ہو گئی ہے۔"

مصطفیٰ اپنا اکسیڈنٹ کرواتے بچا کیونکہ اس سے سٹیرنگ لوز ہو گیا تھا اور سامنے ٹرک آرہا تھا اس نے فورن کار کو اور ٹیک کی اور ایک طرف فورن بریک مار کر روکی

"ولی نے رُکی ہوئی سانس بھال کی آج تو مر جانا تھا

"کیا کہا تم نے!!!"

مصطفیٰ مکث والے انداز میں بولا

ولی کھکھلا کر ہنس پڑا

"تو تو بلکل ویسا ہی ہے مزاق کر رہا ہو نہیں ہوئی شادی اس کی پڑھ رہی ہے۔"

ولی نے اتنا کہا اس نے یہ نہیں بتایا کے وہ یہاں رہتی ہے

www.novelsclubb.com

مصطفیٰ نے اسے گھور کر دیکھا اور سر جھٹکا

"ہاں تو کیا کر لیتی اچھا تھا مجھ سے بہتر ہی کوئی ملتا۔"

مصطفیٰ کو اپنے ہی لفظوں پر غصہ ایا واقی میں حیا کے معاملے وہ نہیں بدلا تھا کیسے جان نکل گئی تھی جب یہ سنا تھا کے وہ شادی کر چکی ہے اور میں پاگل چار مہینے سے آزاد ہونے کے باوجود اس سے بے خبر رہا

مصطفیٰ اپنے آپ سے بولا

"کیا سوچ رہا؟ کہی مسٹر کوئی پلینگ تو نہیں کر رہے۔"

ولی شرارت سے بولا

مصطفی نے ایک ہاتھ سے اس کے بازو پر زوردار مکا مارا

اف! تو کیا چیز ہے۔"

www.novelsclubb.com

مکث نے کار کو سٹا میں روکی

"اوکافی پیتے ہیں۔"

مصطفیٰ کار سے اتر کر بولا

"لیکن یہاں! ہم ڈرائیو وے سے لیے سکتے تھے

"کوئی نہیں بہت سی باتیں کرئے گے ویسے کہاں ٹھہرے ہوئے ہو۔"

"ہوٹل میں۔"

ولی بولا

"اچھا فورن سامان وہاں سے لیے گے اور میرے گھر پہ رہئے گا ٹھیک ہے۔"

مصطفیٰ کی چین کو انگلیوں سے گھماتے ہوئے بولا

اور اس کے ساتھ اندر داخل ہوا

ساری لڑکیوں نے اس بے انتہا پرُکشش مردوں کو دیکھا جو واقی لڑکیوں کا دل کسی بھی محنت کیے بنا چُرا سکتے تھے

ولی گرے شرٹ اور بلیو جینز میں کافی ہنڈسم لگ رہا تھا جبکہ مصطفیٰ نیوی بلیو شرٹ کف کو کونے تک موڑے

www.novelsclubb.com

انکھوں میں Dolce and Gabbana کی گلاسس ٹکائے براون بال سٹائلش انداز میں ہلکے سے اس کے ماتھے پر گرے ہوئے تھے اور اس کے کلین شیو میں اس کے قاتل کر دینے والے ڈمپل نے واقی لڑکیوں کو وہی مار دینا تھا ایسے تو نہیں کہتے اسے لیڈی کلر

مصطفیٰ کاؤنٹر پر ایا اور اس نے کاونٹر پر ہلکی سی ٹیپنگ کی

کوسٹا یونی فورم میں پھیچے سے بروان بال پونی میں باندھے لڑکی پلاسٹک کپ سٹرینڈ میں رکھ رہی تھی اسے کسی کا گمان ہوا لیکن وہ گمان نہیں یقین تھی وہ پھر سر جھٹک کر اوپر دیکھنے لگا

حیا کا اچانک اس ٹیپنگ سے دل رُک گیا یہ ٹیپنگ ! نہیں لیکن آج تک کسی کسٹمر نے ٹیپنگ نہیں کی تھی حیا نے آہستہ سے پلاسٹک کے کپ رکھ کر مڑی تو وہ جہاں تھی

وہی رُک گئی مصطفیٰ جو اوپر مینیو میں کچھ دیکھ رہا تھا ولی کے کندھے تھپ تھپانے پر اس نے دیکھا ولی اسے کاؤنٹر کی طرف اشارہ کر رہا تھا

مصطفیٰ نے اس طرف دیکھا تو اس کا بھی منہ کھل گیا کہانی جہاں سے شروع ہوئی تھی آج وہی پر آ گئی جہاں وہ پہلی بار ملے تھے اور پورے ایک سال ایک دوسرے سے بچھڑ گئے مصطفیٰ اور حیا کے لیے وہ ایک سال نہیں پورے ایک صدی تھی وہ دنوں ساکت نظروں سے ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے ان دنوں کی انکھوں میں کیا کیا نہیں تھا

ولی نے ان دنوں کو شاکڈ دیکھا تو اس کے چہرے پہ گہری مسکراہٹ آ گئی

بلا آخر جب ان کو یقین ہو گیا وہ دونوں گمان نہیں یقین ہے تو دونوں کے منہ سے صرف ایک لفظ نکالا

"مکث!"

مکث

حیا

ان دنوں کی زبان سے یہی لفظ نکلا

ولی مسکرا اٹھا اور پھر حیا کو دیکھتے ہوئے بولا

"اسلام و علیکم دیکھ لو حیا تمہارا مکث میرا مطلب ہے مصطفیٰ آصف زندہ ہے ہمیں تو اس انسان نے ڈرا دیا کتنا تڑپایا ہے ایک سال لیکن بہتری کے لیے بھی تھا کے یہ شاہد پھر مسلمان نہ بن پتا"

حیا کا منہ کھل گیا

www.novelsclubb.com

مصطفی خاموشی سے حیا کو گہری نظروں سے دیکھ رہا تھا

اور حیا ساکت مصطفی کو دیکھے جا رہی تھی پھر اچانک اسے ساری بات سمجھ میں ائی تو اس کا دماغ گھوم اٹھا وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی مکث گھٹیا حرکت کرنے کے لیے

کسی بھی حد تک جا سکتا ہے وہ اس کے مائنڈ کے ساتھ گیمز کھیل رہا تھا وہ اسے اپنے خیالوں میں جھگڑنا چاہتا تھا کتنا کمینہ تھا حیا کا غصہ ساتویں آسمان کو پہنچ گیا مطلب یہ ولی بھی ڈھونگ رچا رہا تھا غصے میں انسان کو کوئی عقل نہیں رہتی اس لیے وہ کیا سے کیا کر جاتا ہے اپنی زندگی بھی داوپہ لگا دیتا ہے اور دوسروں کی بھی آب یہی چیز حیا کر رہی تھی

"حیا کچھ بولوں گی نہیں تمہارا مصطفی!!

"شٹ آپ جسٹ شٹ آپ اگر آپ نے ایک لفظ بھی کہا تو۔"

حیا زور سے چلائی پورے لوگ اس کی چیخنے پر اس کی طرف دیکھنے لگے

مصطفی کا منہ کھل گیا جبکہ ولی ساکت ہو گیا

حیا کاؤنٹر سے نکلی اور ایک رکھ کر مصطفیٰ کو تھپڑ مارا

"حیا!!!"

"حیا!!!"

ولی اونچی آواز میں بولا اور مصطفی! وہ تو ایک دم پتھر کا ہو گیا

"آپ جیسے کمینے لوگ میں نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھے اسلام کو مزاق سمجھا ہوا آپ نے واہ کیا پلینگ تالیا ائی ائم امپریس مسٹر رائن اینڈ یو مسٹر مکث تم نے میرے دل میں محبت پیدا کرنے کے لیے سب ڈرامہ کیا کے جب میں تمہارے پیار میں پاگل ہو جاوں تب تم ایک جھوٹے مسلمان بن کے میرا جسم حاصل کرو اہو ہو آپ کو تو اوسکر ملنا چاہیے ایک بلینر بزنس مین اکٹینگ بھی اچھی کر لیتا ہے فیک موت فیک ڈیڈ بوڈی فیک فینورل مکثملین مارٹن آپ تو سب انسان سے بدتر نکلے بلکہ انسان بھی نہیں آپ تو حیوان ہے حیوان مجھے آب آپ سے کوئی فیلنگ محسوس نہیں ہوتی نہ نفرت نہ محبت کیوں کے میرے لیے تم کچھ بھی نہیں ہو جس چیز کا وجود نہیں ہوتا ویسے ہی تم ہو

حیا چیخ کر مصطفی کا گریبان پکر کر بولی پھر چھوڑ کر بے بسی سے ہنسی

www.novelsclubb.com

ولی کا دماغ گھوم اٹھا اس نے بڑھ کر حیا کو تھپڑ لگانے لگا تھا جب مصطفیٰ نے ولی کا ہاتھ پکڑ لیا

اور غصے سے جھٹکا وہ اگے سے کچھ نہ بولا وہ بس حیا کو سُرخ انکھوں سے دیکھا جا رہا تھا وہی ہوا جس کا ڈر تھا وہ اس سے آبھی بھی شدید ترین نفرت کرتی ہے اسے وہ کبھی اچھا مان نہیں سکتی۔ مسلمان وہ اس کے لیے نہیں اپنے لیے بنا لیکن پھر بھی وہ اسے ڈھونگی کہہ رہی ہے آخر کیوں

"یہ ڈرامے تم کہی اور جا کے کرنا مکث میں تمہارے کسی جال میں نہیں پھسو گی ۔۔"

حیا اس کے منہ پر تھوک کر چلی گئی آب ولی کا صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا مصطفیٰ وہی ساکت رہا پھر تیزی سے وہاں سے نکلا جبکہ ولی تیزی سے حیا کی طرف ایا اور اس رکھ کر لگائی اور پھر دوسری بار بھی اس کو تھپڑ مارا "عورتوں کو مارنے والے مردوں سے مجھے سخت نفرت ہے لیکن آج تم نے حیا حد کر دی تم کیا سمجھتی ہوں اپنے آپ کو

کے تم ایک اچھی مسلمان ہو بہت پارسا ہو اور کوئی دوسرا اگر سیدھے راہ میں اگیا ہو تو کیا وہ پھر ویسا ہی رہے گا اس کی نیت کبھی بدلے گی نہیں میں بتاتا ہو تمہیں سچ یہ سب حُسین آصف کا پلان تھا جو مصطفیٰ کا سگا باپ ہے سنو گی اُس کی کہانی۔"

ولی نے اسے کھینچ کر کفیے سے نکالا اور ٹیکشی منگوائی اسے پتا تھا مصطفی فل حال گھر ہی جائے گا وہ ایسی فضول حرکت نہیں کرئے گا وہ جانتا تھا وہ ٹوٹا ہوا ہے وہ اسے سنبھال لیے گا لیکن اس وقت حیا کو سمجھانا ضروری ہے جبکہ حیا بلکل چُپ تھی اسے سمجھ میں نہیں ارہی تھی اس نے آخر کیا کیا ہے۔

---

www.novelsclubb.com

حُسین میں چاہتی ہوں مکث کو تم کسی طرح بھی سیدھے رستے پہ لے او میں نے جو اتنا بڑا گناہ کیا ہے اس کا کفارہ ادا کرنا چاہتیٔ ہو ہمارا بیٹا مسلمان ہونے کے باوجود بھی

عیسائی ہے پلیز وعدہ کرو حُسین اسے میری آخری خواہش ہی سمجھ لو تمہیں اللہ کا واسطہ ہے

آب کی بار حُسین کا منہ کھل گیا

"تم مسلمان ہو اولو یا؟"

"ہاں میں مسلمان ہو اور مجھے مسلمان میرے بیٹے مکث نے بنایا ہے جب اس نے میرے اندر کی گندگی دکھائی تو میں نے اس گندگی کو اپنے اندر سے نکالنے کے لیے مسلمان بن گئی میری ایک نیبر ہے مسلمان ہے وہ اس نے مجھے سب طریقے بتائے اور میرا نام مریم رکھا تم سوچ نہیں سکتے حُسین میں بہت خوش ہو لیکن میری یہ خوشی تب مکمل ہو گی جب میرا بیٹا مکث مسلمان بنے گا پلیز حُسین!

اس نے روتے ہوئے حُسین کے سامنے ہاتھ جوڑ لیے

"پلیز مریم تم فکر نہ کرو میرا وعدہ ہے تم سے میں مکث کو مسلمان نہیں بلکہ ایک مومن بناؤ گا ائی پرامس۔"

"تمہاری بہت شکر گزار ہو گی میں حُسین اور ہو سکے تو مجھے معاف کر دینا۔"

مریم ہلکہ سا مسکرائی اور حُسین بے بسی سے اسے دیکھتے ہوئے اٹھ پڑا

"حُسین میں نے تم سے ایک بات کرنی تھی۔"

اسد اور اس کی دوستی کو پورے ایک سال ہو گئے تھے وہ اس ایک سالوں میں ایک دوسرے کے اتنے گہرے اور جگری دوست بن گئے کے کوئی ان کو دیکھتا تو سمجھتا کے یہ دنوں بچپن کے ساتھی ہے جو ہر وقت ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ نظر اتے ہیں

"بولو اسد۔" حُسین کوئی کتاب نکال رہا تھا جب اسد کے کہنے پر مڑا

"وہ یارا گر تم بُرا نہ مانو تو ایک بات کہو۔"

اسد جھجھک کر بولا

"یار میں نے بھلا کیوں بُرا ماننا ہے جو کہنا ہے کھل کر کہو۔"

"کہتے ہوئے بڑا عجیب لگ رہا ہے لیکن کیا تم میری بہن ماہم سے شادی کر لو گئے۔"

حُسین ایک دم ساکت ہو گیا

"کیا!!!"

"ہاں حُسین تم میری بہن سے شادی کرو گئے پلیز اس کے لیے تم سے اچھا آدمی مجھے کہی نہیں ملنا۔"

www.novelsclubb.com

حُسین کے ماتھے پہ اچانک بل اگئے

"سوری اسد تم مجھ سے میری جان مانگ لیتے وہ دیے دیتا لیکن ماہم سے شادی پاگل تو نہیں ہو گئے وہ ایک ہائی سکول کی لڑکی ہے سنینس میں ہو بھی کے نہیں۔"

حُسین غصے سے بولا

"ہائی سکول اس کا ختم ہونے لگا ہے اور وہ سترہ سال کی ہے کوئی بچی تو نہیں ہے میری امی کی شادی چودہ سال کی عمر میں ہوئی تھی۔"

"ڈونٹ بی سلی وہ زمانہ کوئی اور تھا اور ویسے بھی میں شادی نہیں کرنا چاہتا مجھ سے بہتر اس کو ہزار اچھے لڑکے مل سکتے ہیں۔"

حُسین سر جھٹک کر بولا

"کیوں کیا کمی ہے تم میں اتنے نیک اچھے انسان ہو ڈاکٹر ہو سکولر بھی بنے جا رہے ہو میری بہن کی زندگی سنور جائے گی۔"

"تم ایک سال میں کیسے کہہ سکتے ہو میں اچھا انسان ہو سنا چاہوں گئے میں کیسا تھا سات سال پہلے تو سنوں

-

ٹھیک ہے میں ایک فائل بنا دیتی ہو جس سے حیا آپ کی ریلیٹو ہو گی اور میں جج سے بات کرتی ہو کے وہ حیا کو یہاں کی ریزڈنسی دیے دئے کیونکہ یہ اپنی جان بچا کر شیپ کی تھڑوائی تھی اس کے لیے کافی پیسے لگے گئے رومی ڈیر پہلے سوچ لو کیونکہ یہ کیس بہت رسکی ہے حیا جیل بھی جا سکتی ہے

نہیں امیلا یا پلیز اس بچاری کو کم عمرے میں اتنی مشکلیں ائی ہے میں چہرے پڑھ لیتی ہو وہ کوئی دھوکہ نہیں ہے میں اس کی گارنٹی دیتی ہو۔"

ٹھیک ہے ہم حیا کو نظر میں رکھے گئے پورے چھ مہینے اس میں یہ ٹھیک رہی تو اسے کورٹ میں لیے کر جائے گئے اور اسے کہے گئے کے وہ نوکری اور گھر لے لیے اور اس ملک کے ساتھ امیانداری کرئے پھر پورے ایک سال بعد اسے یہاں کا نیشنل بنادئے گئے یہ سب lengthy and tough process ہے پر تمہارے لیے کر رہی ہو۔"

"تھینک یو امیلا یا تھینک یو سو مچ۔"

"فل حال اسے بولو زیادہ باہر نہ جائے ایک ہفتے تک جب تک میں کورٹ کی نظروں میں نہ لیے او۔"

"ٹھیک ہے ویسے بھی وہ فضول باہر نہیں جائے گی

رومیسہ اٹھ پڑی

حُسین نے پلان کے مطابق اسد کو کال کی

"اچھا ٹھیک ہے تم فکر نہ کرو میں سب ہینڈل کر لو گا۔"

اسد نے جب ساری اس کی بات سنی تو کہا

"ویسے حُسین تمہیں لگتا ہے یہ صیح ہے۔"

"پتا نہیں لیکن میں نے وعدہ لیا ہے کسی سے اور میرا بھی فرض ہے کے اپنے بیٹے کو جہنم سے نکالو۔"

www.novelsclubb.com

"چلو ٹھیک ہے میں ایک ایجنٹ ہائر کرتا ہو جو مکث کی اکٹویٹز پر نظر رکھے پھر کوئی صیح موقعہ تلاش کرتے ہیں تم بے فکر رہوں جیسے مکث ہمارے ہاتھ ایا تمہیں بلا لیے

گئے تم ایک کام کرو تب تک پروگ شفٹ ہو جاو وہاں کوئی گھر لیے لو اور اپنا کام وہاں کمٹینیو کرو وہاں تمہیں مکث کے بارے میں کچھ پتا چلے۔"

"ٹھیک ہے جیسا تم کہو۔"

حُسین نے گہرا سانس لیا اور فون بند کر دیا

"میرے اللّٰہ میں کہاں آگئی۔"

فجر نے اپنے سینے میں ہاتھ رکھے اور پریشانی سے جنگل کو ارد گرد دیکھنے لگی

"ہائے فجر تیری مت ماری تھی جو تو زاہد کے ساتھ جنگل آگئی دونوں طرف سے نہیں بچنا ہے کیونکہ اگر جنگل میں رہی تو کوئی جنگلی جانور نے کھا جانا ہے اور اگر

www.novelsclubb.com

یہاں سے نکل بھی پڑی تو بابا جانی نے مار دینا ہے ہائے اللّٰہ میری مدد فرمامیں پرامس کرتی ہو آپ سے

آب سے پانچ وقت کی نماز بھی پڑھو گی اور جھوٹ بھی بولنا چھوڑ دو گی پلیز مجھے نکال دیے یہاں سے

فجر آسمان کی طرف دیکھ کر بولی جہاں کچھ دیر میں شام کے سائے ڈھل گئے تھے

زائدا کیلا ہو گا اف اللّٰہ سانپ بھی تو اُدھر تھا کس طرف سے ائی تھی میں فجر پورا گھوم کر دیکھنے لگی لیکن اسے یاد نہ ایا کے وہ کس طرف سے ائی ہے

مجھے لگتا ہے میں اس طرف سے گئی تھی زاہد کو پکارتی ہو شائد اس طرح پہنچ جاو

www.novelsclubb.com

"زاہد! زاہد!"

وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھا رہی تھی اسے ڈر بھی لگ رہا تھا کے کہی سے سانپ نمودار نہ ہو جائے ٹانگے اس کی حد سے زیادہ کانپ رہی تھی

"زاہد!"

وہ چلتے چلتے پتا نہیں کہاں آگئی جب اس نے دور سے ایک کاٹج نظر آیا

"یہاں پر کوئی گھر ہو سکتا ہے چلو میں ان سے مدد مانگ لو گی۔

فجر اس کاٹج کی طرف بھاگی اسے نہیں پتا تھا وہاں پر اس کے راز کا جواب مل جانا تھا جسے وہ ڈھونڈنے کے لیے پورے دو سال سے پاگل ہو رہی تھی۔

حیا وہ تم سے اتنا پیار کرتا ہے وہ اپنے آپ کو آیک اچھا انسان بن کے تمہارے پاس انا چاہتا تھا اس کی کوئی غلطی نہیں تھی سارا پلان ہی سر کا تھا وہ اپنے بیٹے کو اسے راہ پر چلتے ہوئے کیسے دیکھ سکتے تھے تمہیں یاد ہے جب تم اس کو چھوڑ کر چلی گئی تھی وہ اپنا اکسیڈنٹ کروانے والا تھا اور آب جب تمہاری شادی کا کا بتایا اسے چیک کرنے کے

لیے تو وہ آج ہمیں اللّٰہ میاں کے پاس تقریباً بھیجنے ہی والا تھا کار چلاتے ہوئے اس کا بیلنس اوٹ ہو گیا تھا اس کی جان نکلنے لگی تھی یہ سن کر، تم اس شخص کے خلوص پر شک کرتی ہو جس نے اس دنیا میں انٹی ونیسا کے بعد صرف تمہیں چاہا ہے پتا ہے وہ جب جیل گیا تھا جس انسان نے تمہارے ساتھ زبردستی کی تھی تم سوچ نہیں سکتی اس بندے کا کیا حشر کر دیا کے وہ آج بھی منٹیل اسائلم میں ہے اسے الیکٹریک شاک دیے

وہ انسان مجھے تمہارا چھونا بھی برداشت نہ کر سکا اس کے الفاظ مجھے ابھی تک یاد ہے کے تم اس کی ڈائمنڈ یا کرسٹل نہیں ہو تم ایک شائنگ سٹار ہو جس کو کوئی چھو نہیں سکتا کوئی ایسا پیار بھی کر سکتا ہے نہیں کوئی انسان نہیں کر سکتا حتا کہ میں بھی فجر سے ایسا نہیں کرتا جیسے کے مصطفیٰ تمہارے ساتھ کرتا ہے اور تمہیں اسے ڈھونگی کہتی ہو تم نے آج میرے دوست میرے بھائی کو زخمی کر دیا اور اس کو حوصلہ دینے کے بجائے میں تمہارے ساتھ بیٹھا ہو

www.novelsclubb.com

وہ اٹھنے لگا کے حیا نے ولی کا ہاتھ پکڑ لیا آج حیا کے انکھوں میں ایک بھی انسو نہیں تھا روتے روتے جیسے وہ تھک چکی تھی وہ اٹھی اور اس نے ولی کے سامنے ہاتھ جوڑ دیا

"مجھے معاف کر دئے میں نے آپ سے بھی بد تمیزی کی آور آپ کو منافق اور پتا نہیں کیا کیا کہا ولی بھائی میرے لیے مصطفی کا اچانک اجانا ایک شاکڈ تھا کے وہ کیسے زندہ ہو سکتا ہے میرا دماغ جیسے کام نہ کر سکا میں تو بہت بے وقوف لڑکی ہو خود کو کہتی ہو میں بندوں کو پہچان لیتی ہو لیکن میں تو وہی بے وقوف سی اٹھارہ سال کی حیا ہو جو اپنی سگی بہن کو نہ سمجھ سکی، جو اپنے گھر والوں کو نہ سمجھ سکی۔

ولی چونکہ

"کیا مطلب حیا سگی بہن تم نے کبھی اپنے گھر والوں کے بارے میں نہیں بتایا۔"

"میری زندگی بھی بلکل مصطفیٰ جیسی ہی ہے لیکن فرق صرف یہ تھا کے مصطفیٰ کو کسی گناہ کے بغیر اس کی ماں نے زندگی سے نکالا اور مجھے جھوٹے الزام میں گھر سے نکلا گیا اور وہ میری سگی بہن کی بدولت

۔

دروازے پر گارڈ تھے اور اتنے بڑے بڑے گارڈز دیکھ کر فجر کا منہ کھل گیا

"ہائے یہ کون سے جانور ٹائپ انسان ہے جو کینیڈا جیسے جنگل میں پائے جانے لگے ۔"

فجر فورن ان کے پاس ائی انہوں نے فجر کو دیکھا تو فورن فجر کے سامنے گن پوائنٹ کی

Hands up

www.novelsclubb.com

فجر ڈر کر اچھلی

"ہائے اللّٰہ میں کوئی شکاری نہیں ہوں۔"

"بھائی وہ زرا میری آپ ہلیپ کر دئے گئے اکچلی میرا بھائی شکاری جال میں پھنس چکا ہے۔"

"ہواڑ یو۔"

انہوں نے پوری اس کھتا سُنے کے بعد کہا

"میں فجر آصف عُرف فجو!!!!۔"

"وئی ڈونٹ کیر تم جاو۔"

انہوں نے اس جانے کا کہا

فجر کو غصہ چڑھ گیا

www.novelsclubb.com

"تم میرے پاپا کو نہیں جانتے وہ منسٹر ہے کینیڈا کے اور ان کی دوستی گورنر سے بھی ہے نام بتاو ان کا اسد عمر ایک دفعہ نکلنے دو مجھے او کھاڑ کر رکھ دو گی

آلو کے پٹھے نہ ہو تو اور یہ لو۔"

فجر نے ایک بٹا اٹھایا تو انہوں نے فٹ بولا

"یو آڑا سد عمر ڈااٹر۔"

"ہاں میرے ماموں ہے لیکن انہوں نے پالا ہے مجھے اگر کچھ بھی کیا نہ تو وہ تم لوگوں کا سر کاٹ دئے گئے۔"

فجر نے ابھی تک بٹا پکڑا ہوا تھا

"اوکے ڈنیئل انہیں اندر جانے دو تب تک میں جا کے مسٹر زائد کو دیکھ لو۔"

"ارے آپ کو زاہد کا نام کیسے پتا؟"

فجر حیرت سے بولی

www.novelsclubb.com

"ہم انہیں اور آپ کو جانتے ہیں، میم آپ اندر جائے۔"

فجر بیٹا کیسی دہشت ہے تمہاری واہ

فجر اپنے آپ کو داد دیتے ہوئے اندر داخل ہُوئی

.....

.

"شکریہ انٹی میں آپ کی بہت زیادہ شکر گزار ہو۔"

حیا خوشی سے ان کے گلے لگ گئی

"اپنوں کو شکریہ نہیں کہتے حیا تم آ چھی ہو تب بھی تمہارے لیے آسانی ہوئی۔"

دروازہ اچانک کھلا اور ایک لڑکی اندر داخل ہوئی

"مام ایئم بیک ارے یہ کون ہے؟"

حیا نے دیکھا ایک پیاری سی گوری رنگت والی لڑکی جس نے اپنے بالوں کو پنک کلر میں ڈائی کیا ہوا تھا سُرخ لپ سٹک گرین ٹاپ اور وائٹ سکرٹ میں وہ پیاری لیکن تھوڑی عجیب لڑکی لگ رہی تھی

"میری بیٹی لائبہ ہے لائبہ یہ تمہاری خالہ نہزت کی بیٹی ہے حیا۔"

www.novelsclubb.com

حیا نے فورن انہیں حیرت سے دیکھا انہوں نے اس کا ہاتھ آہستہ سے دبایا جیسے کہہ رہی ہو چپ رہو

حیا نے سر ہلایا

"واو ویسے امی خالا نزہت کی کوئی بیٹی بھی تھی۔"

"ہاں بس اس بچاری کو پالا تھا یانی منہ بھولی تھی تم جانتی ہو ان کی کوئی اولاد نہیں ہو سکتی اس لیے اور اس کے مرنے کے بعد بے چاری وہاں اکیلی تھی اس لیے بلا لیا ۔"

"اچھا اچھا ٹھیک ہے میں تھک گئی ہو نائس ٹو میٹ یو حیا رائٹ۔"

www.novelsclubb.com

حیا ہولے سے مسکرائی

"انٹی آپ نے لائبہ کو سچ کیوں نہیں بتایا؟"

"اس کا بوئی فرینڈ ہے کارل پولیس میں ہے لائبہ کے پیٹ میں کوئی بات نہیں رہتی وہ اسے بتادئے گی تم مصیبت میں آجاو گئی اور مجھے امیلیا نے منع کیا ہے

چلوں تم میرے ساتھ کچھ مل کر پکاتے ہیں۔"

حیا حیران ہوئی یہ کیسی ماں ہے جن کو بیٹی کے بوئی فرینڈ ہے اور وہ بھی عیسائی ان کو اسے کوئی فرق نہیں پڑتا اور میری ماں نے

حیا نے اپنی انکھیں سختی سے بھینچ لی

مصطفیٰ نے دروازہ کھولا تو اس نے دیکھا سامنے کوئی نہیں تھا وہ اِدھر اُدھر دیکھنے لگا

پھر کندھے اچکاتا ہوا مڑنے لگا کے دروازے کے سائڈ پہ

بڑا سا سُرخ گلابوں کا بوکے پڑا ہوا دیکھا وہ حیران ہوا اس کو یہ کس نے بھیجا ہے اس نے اٹھایا اور دیکھا ایک ریڈ کلر کی چٹ پڑی ہوئی تھی مصطفی اسے اندر لیے ایا اور دروازہ اپنے پیروں سے بند کیا

اسے اپنے کچن کے کاؤنٹر پر رکھا اور چٹ باہر نکالی اور اسے پڑھا

I'm sorry mustafa I broke your heart Please "

forgive me

Your The one and only Haya

💔

مصطفیٰ نے خاموشی سے چٹ ٹیبل پہ رکھی وہ جانتا تھا وہ باہر ہی اسے کہی چھپ کر دیکھ رہی ہو گی اس لیے اس نے بوکے اٹھایا اور دروازہ کھول کر بے حد غصے سے ڈسٹ بن میں پھینکا

حیا جو دور سے خوش ہو رہی تھی کے وہ اس کے پھول اکسیپٹ کر چکا ہے لیکن آب انہیں غصے سے پھینکتے ہوئے اسے بہت دُکھ ہوا ماں اتنا تو حق بنتا ہے اس کا کتنی بے عزتی کی تھی سب کے سامنے اسے تھپڑ مارا تھا اس کے منہ پر تھوکہ تھا کتنی ظالم تھی وہ اس کے معاملے میں ہمیشہ کیوں ظالم بن جاتی ہے نہیں وہ اسے منا کر رہے گی چاہیے کچھ بھی ہو جائے پر کیسے جس سے مصطفی کا دل جیت لو

